NHS Greater Glasgow and Clyde

معلومات بابت آپ کا

ایم آر انٹروگرافی

(MR Enterography - Urdu)

ایم آر انٹروگرافی

ایم آر انٹروگرافی ایک ایسا ٹیسٹ ہے جس میں ایم آر آئی اسکینر کا استعمال چھوٹی آنت کی تصویریں تیار کرنے کے لیے کیا جاتا ہے کیونکہ چھوٹی آنت کو دیکھنا مشکل ہے۔ اس ٹیسٹ کا مقصد اتنا زیادہ سیال پینا ہے کہ چھوٹی آنت بھر جائے تاکہ ہم اسکین میں اسے بہتر طور پر دیکھ سکیں۔ پانی بہت اچھی طرح کام نہیں کرتا، اور اسی وجہ سے ہم دیگر سیال، عام طور پر ایک تیار شدہ سیال کا استعمال کرتے ہیں، جسے کلین - پریپ کہا جاتا ہے۔

یہ ٹیسٹ کہاں کیا جاتا ہے؟

ایم آر آئی اسکینر میں ایکسرے یا امیجنگ کے ڈپارٹمنٹ میں۔

میں کب ٹیسٹ پر گفتگو کرسکتا ہوں؟

آپ اپنے بھیجنے والے ڈاکٹر سے یا کارروائی سے قبل ریڈیولوجسٹ یا ریڈیوگرافر سے اس پر بات کرسکتے ہیں۔

آپ کی جانچ سے پہلے والے دن

صرف ہلکی غذا لیں، پھل یا سبزیاں نہ کھائیں۔ براہ کرم غذاؤں والا حصہ دیکھیں کہ آپ کون سی غذائیں کھاسکتے ہیں اور کن سے پرہیز کرنا ہے۔

آپ کی جانچ والے دن

اگر آپ کا اپائنٹمنٹ صبح میں ہے تو اس سے پہلے والی رات میں آدھی رات کے بعد کھانا نہ کھائیں۔ آپ پانی پی سکتے ہیں۔

اگر آپ کا اپائنٹمنٹ دوپہر بعد کا ہے تو، سویرے ہلکا ناشتہ لیں، اور اس کے بعد کچھ نہ کھائیں۔ آپ پانی پی سکتے ہیں۔

ذیابیطس

اگر آپ کو ذیابیطس ہے تو براہ کرم معمول کے مطابق دوائیں لینا جاری رکھیں۔

آپ کے ایم آر آئی اسکین سے پہلے

اسکینر میں ایک طاقتور مقناطیسی فیلڈ کا استعمال ہوتا ہے۔ آپ کے تحفظ کے لیے اور بے فائدہ سفر سے بچنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ آپ منسلکہ ایم آر آئی کا تحفظ سے متعلق چیک لسٹ سوالنامہ مکمل کریں۔ براہ کرم مکمل شدہ سوالنامہ اپنے ساتھ لے کر آئیں۔ اگر ایم آر آئی اسکین کے لیے موزوں ہونے کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہیں تو براہ کرم ڈپارٹمنٹ سے رابطہ کریں (عقبی صفحہ پر رابطے کی تفصیلات دیکھیں)۔

اگر آپ میں درج ذیل میں سے کوئی چیز لگی ہوئی ہے تو آپ ایم آر آئی اسکین نہیں کروا سکتے:

- کارڈیک (دل) پیس میکر
- کوکلیئر (کان) امپلانٹ
- دماغ میں شریانی پھیلاؤ کے لیے دھاتی کلپ
- آنکھ میں دھاتی ریزے
- مخصوص میکانیکی امپلانٹس۔

ایم آر انٹروگرافی کے دوران کیا ہوتا ہے؟

ریڈیوگرافر یا نرس ٹیسٹ کی وضاحت کریں گے اور آپ کے سوالوں کے جوابات دیں گے، اور آپ سے انتظار گاہ میں بیٹھنے کو کہیں گے۔ اگر آپ کو ذیابیطس، دمہ، گردے کے مرض، بیش فشار خون کے مسائل، یا کوئی الرجیاں، خاص طور پر ایم آر آئی کنٹراسٹ (ڈائی) کے انجیکشن سے تو براہ کرم انہیں بتائیں۔

ہم آپ کے ٹیسٹ سے قبل آپ کو کلین - پریپ دیں گے (ہم اسے آنتوں کی تیاری کہتے ہیں)۔ آپ کو ایک گھنٹے میں رفتہ رفتہ جتنا زیادہ ممکن ہو کلین - پریپ پینے کی ضرورت ہوگی، جو 2 لیٹر تک (4-3 پائنٹ) تک ہوگا۔ یہ ہر 15 منٹ پر لگ بھگ 500 ملی لیٹر (ایک پائنٹ) ہوتا ہے۔

ہم آپ کے بازو کی ایک رگ میں ایک سوئی داخل کریں گے۔

ہم آپ کو اسکین والے کمرے میں لے جائیں گے اور آپ سے اپنی پشت کے بل ایم آر آئی اسکینر ٹیبل پر لیٹ جانے کو کہیں گے۔ ہم آپ کے پیٹ کے اوپر ربر کے میٹس رکھیں گے۔ ربر کے میٹس ان سگنلز کو ریکارڈ کرتے ہیں جو ایم آر آئی تصویریں بناتے ہیں۔ اسکین کے ایک حصے کے لیے ہم آپ سے اپنا چہرہ نیچے کے رخ پر رکھتے ہوئے اپنے پیٹ کے بل لیٹنے کے لیے بھی کہہ سکتے ہیں۔

ہم آپ کو ٹیسٹ کے نصف حصے پر، نلی کے ذریعہ آپ کی بازو میں ایم آر آئی کنٹراسٹ (ڈائی) کا انجیکشن دیں گے۔

ریڈیوگرافرز آپ کو بتائیں گے کہ یہ کب ہونے والا ہے۔ آپ کو اس کا کوئی اثر محسوس نہیں ہونا چاہیے۔

ہم آنتوں کی اینٹھن کو روکنے کے لیے آپ کو عضلات کو سکون دینے والا ایک انجیکشن (بسکوپان) دے سکتے ہیں۔ بسکوپان سے عارضی طور پر بینائی دھندلی ہوسکتی ہے۔ یہ آپ کے اسکین کے بعد بس تھوڑی دیر تک رہتا ہے، لیکن ہمارا مشورہ ہے کہ آپ خود سے گاڑی نہ چلائیں اور اگر ممکن ہو تو آپ کو لے جانے کے لیے کسی کا انتظام کریں۔

جب آپ ایم آر آئی اسکیننگ ٹیبل پر ہوں گے تو یہ معائنہ اگلے 40 منٹ تک چلے گا۔ یہ معائنہ متعدد انفرادی اسکینز پر مشتمل ہوتا ہے۔ ہم آپ سے ہر اسکین کے لیے سانس روکنے کو کہیں گے، جن میں سے ہر ایک میں لگ بھگ 20 سیکنڈ لگیں گے۔

اس میں کتنا وقت لگے گا؟

اسکین میں 30 منٹ اور 2 گھنٹوں کے درمیان کا وقت لگ سکتا ہے۔

ایم آر انٹروگرافی کے بعد کیا ہوتا ہے؟

ہم گھر جانے سے پہلے آپ کو 20-15 منٹ تک ڈپارٹمنٹ میں رکنے کے لیے کہیں گے۔ آپ کو ٹوائلٹ استعمال کرنے کی ضرورت ہوسکتی ہے کیونکہ کلین - پریپ دست آور ہوسکتے ہیں۔ آپ کو اپنے گھر جانے کے وقت بھی اسے ذہن میں رکھنا چاہیے۔

کیا اس میں کوئی خطرات پائے جاتے ہیں؟

ایم آر انٹروگرافی کو بہت ہی محفوظ ٹیسٹ خیال کیا جاتا ہے۔

بہت شاذ و نادر، مسائل پیدا ہوسکتے ہیں، اور اگر ایسا ہوتا ہے تو، یہ ویسی ہی ہے جیسی آنت کی جانچ کے دوسرے طریقوں میں ہوسکتی ہے۔ ان میں درج ذیل شامل ہوتے ہیں؛ پیٹ میں گڑبڑی، غشی طاری ہونے جیسا ردعمل، انجیکشن کنٹراسٹ (ڈائی) کے تئیں ردعمل، کلین-پریپ سے اسہال۔

آپ کے ڈاکٹر نے اس ٹیسٹ کے بارے میں کہا ہے کیونکہ انہیں لگتا ہے کہ اس جانچ کے فائدے اسے نہ کرانے کے خطرے سے زیادہ ہیں۔ اس کے بعد بھی، ہم اس بات کی ضمانت نہیں دیتے ہیں کہ اس جانچ سے آنت کی تمام گربڑیوں کا پتہ چل جائے گا۔

احتیاطی تدابیر

- آپ کو معمول کے مطابق کوئی بھی دوا لینا جاری رکھنا چاہیے۔
- اگر آپ حاملہ ہیں یا آپ کو ماضی میں کلین-پریپ سے پریشانیاں رہی ہیں تو براہ کرم مشورہ کے لیے اپنے اپائنٹمنٹ والے خط پر موجود ٹیلیفون نمبر پر ہمیں کال کریں۔

آپ درج ذیل غذائیں کھا سکتے ہیں

- نرم بغیر چربی والا گوشت، مرغ، سور کی ران کا گوشت، جگر، گردہ، بافت دار سبزیوں کا پروٹین
- پھل کے ذائقہ والا یا جما ہوا دہی
- چھلے ہوئے آلو، ابلے ہوئے، کچلے ہوئے، بھنے ہوئے
- گاجر، شلجم، سویڈ، پھول گوبھی (ڈنٹھل کے بغیر)
- بغیر گودے والا یا کشیدہ سوپ
- جوس میں نرم ٹن والے پھل (بغیر بیج کے)
- سفید بریڈ، آٹا، چاول یا پاستہ
- واٹر بسکٹ، کریم کریکرز، رچ ٹی
- پلین اسکون (پھل نہیں)

- شہد، سیرپ، آئس کریم
- چائے، کافی، چینی، مٹھاس، لیکن آپ اپنی چائے یا کافی میں دودھ نہیں لے سکتے
- ٹماٹر کا جوس، بغیر گودے والا پھل کا جوس، اسکواش
- پانی اور بلبلے دار مشروبات

درج ذیل کھانوں سے بچیں

- سخت گوشت، بڑے کے گوشت کے برگرز، ساسیج
- ساسیج رولز، پائیز، پیسٹیز، پیسٹریز
- دودھ، مکھن، پنیر، مارجرین، چکنائی اور تیل
- سالم پھل یا موصلی والے یوگرٹس
- چھلکے کے ساتھ بھنا ہوا آلو – چھلے ہونے ضروری ہیں
- دیگر تمام پھل، سبزیاں اور سلاد
- گاڑھا سوپ، بیکڈ بینز
- سالم گندمی بریڈ یا آٹا، سالم گندمی پاستہ، براؤن رائس
- زیادہ ریشے والی کرسپ بریڈ، ڈائجسٹیوز، ہوبنوبز
- پھل، نٹس، ناریل والے کیک
- نٹس اور خشک پھل
- جیم یا چھلکے یا بیجوں والے مربّے
- زیادہ ریشے دار سیریئلز، دلیہ، میوسلی، برین

مجھے نتیجہ کب معلوم ہوگا؟

ہم اسپتال کے کنسلٹنٹ یا جی پی کو آپ کے نتائج بھیجیں گے جنھوں نے ہمیں ٹیسٹ کرنے کو کہا تھا۔

برائے مہربانی یاد رکھیں: اگر آپ ٹیسٹ کے لیے نہیں آتے/ آتی ہیں تو ہم آپ کے اسپتال کے کنسلٹنٹ یا جی پی کو بتائیں گے اور آپ کو اس جانچ کے لیے فہرست انتظار سے ہٹا دیں گے۔

اگر آپ کو جانچ کے بارے میں کسی بھی طرح کی تشویشات ہیں تو اپنی جانچ سے پہلے آپ کو ریڈیوگرافر کو بتانا چاہیے۔

کوئی دیگر سوالات ہیں؟

برائے مہربانی امیجنگ ڈپارٹمنٹ میں ٹیم کے کسی فرد سے پوچھیں۔

آپ کا اپائنٹمنٹ

برائے مہربانی

- اپنے ساتھ کوئی قیمتی سامان نہ لائیں
- اگر آپ کو مشورہ کی ضرورت ہو تو ہمیں کال کریں

اگر آپ اس اپائنٹمنٹ پر نہیں آسکتے ہیں تو براہ کرم جتنی جلدی ممکن ہو ہمیں کال کریں – ہم آپ کے لیے دوسرا اپائنٹمنٹ مقرر کرسکتے ہیں اور آپ کا اپائنٹمنٹ دوسرے کو دے سکتے ہیں۔

مرکز رابطہ کا ٹیلیفون نمبر

0141 347 8379

www.nhsgg.org.uk

Equalities In Health

نظرثانی کی تاریخ: جولائی 2018

MI • 290677 - Urdu